تعارف و تبصرہ کتب

نام کتاب	:	خواتین اسلام کا مثالی کردار (اردو ترجمہ "صفحات نیّرات مِن حَیاۃ السّابقات")
صفحات	:	۲۰۰
جمع و تصنیف	:	نذیر محمد مکتبی
مترجم	:	مولانا حبیب اللہ
ناشر	:	دارالاشاعت اردو بازار ایم اے جناح روڈ، کراچی۔

معاشرے کو سنوارنے اور بگاڑنے میں خواتین کا کردار کوئی بحث طلب موضوع نہیں۔ اولاد کی تربیت پر والدہ کے غیر معمولی اثرات ہوتے ہیں۔ بچپن سے تحت الشعور میں موجود فکر پر ہی آنیوالی زندگی استوار ہوتی ہے۔ اگر پاکباز، باعمل ماں کا سایہ عاطفت نصیب ہو جائے تو اولاد کا مستقبل سنور جاتا ہے۔

تاریخ اسلام کے صفحات جہاں صالح مومنوں کے پاکیزہ نقوشِ عمل سے جگمگا رہے ہیں وہاں مسلمان خواتین کی درخشندہ مثالیں بھی ہماری تاریخ کا ایک سنہری باب ہیں۔ زیر نظر کتاب "خواتین اسلام کا مثالی کردار" ایک عربی کتاب کا ترجمہ ہے۔ ہرچند کہ ترجمہ نظر ثانی کا محتاج ہے، طباعت کی اغلاط کثرت سے پائی جاتی ہیں۔ تاہم یہ کتاب پڑھنے کے لائق ہے اور پڑھنے سے کہیں زیادہ ہماری ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کے لیے اسے پڑھ کر اپنی شاہراہِ حیات کے رخ کو متعین کرنے کی ضرورت ہے۔

مترجم اور ناشر مبارک باد کے مستحق ہیں۔

(ادارہ)